سوال

(64) استطاعت کے باوجود شادی نہ کرنے والے کی نمازِ جنازہ

جواب

السلام علیکم ورحمة الله وبرکاته

استطاعت کے باوجود شادی نہ کرنے والے کی نمازِ جنازہ پڑھنی چاہیے یا نہیں؟ (عبدالرزاق اختر، محمدی چوک، حبیب کالونی گلی نمبر ۱۲، رحیم یارخان) (مارچ ۲۰۰۵)

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة الله وبرکاته!

الحمد لله، والصلاة والسلام علیٰ رسول الله، أما بعد!

شادی نہ کرنے کے باوجود اگر کسی کی طہارت وپاکیزگی معروف ہو تو اس کی نماز جنازہ پڑھنی چاہیے ویسے بھی عام حالات میں شادی کرنا مستحب ہے، واجب نہیں، ہاں البتہ کسی کو اگر زنا کاری کا ڈر ہو تو پھر شادی کرنا واجب ہے، ملاحظہ ہو: (المغنی لابن قدامہ)

بعض علماء نے ان محدثین کے بارے میں مستقل کتابیں تصنیف کی ہیں، جنھوں نے ساری زندگی شادی نہیں کی۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

جلد: 3، کتاب الجنائز: صفحہ: 123

محدث فتویٰ